TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN JTQ

# ٹرسٹ جمعیّت تعلیمُ القرآن

اندرون عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادر آباد، کراچی۔ فون 021-34932283 موبائل:03334935824

**6th Newsletter**
**Apr - Jun**
**2026**



## وژن

تعلیم القرآن و سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں مثالی، باکردار اور باصلاحیت افراد کے ذریعہ ملک وقوم کی ترقی، امت کی سربلندی اور انسانیت کی فلاح کا حصول

## ہمارے مقاصد



### تعلیم

ملکی سطح پر بچوں اور بڑوں کو باتجوید تعلیم القرآن کی فراہمی

### کردار سازی

بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم وتربیت اور ان کو بااخلاق و باصلاحیت مسلمان بنانے کی سعی

### ٹیچر ڈیولپمنٹ

ملک بھر کے لیے شفیق و باکردار اساتذہ کی تیاری وفراہمی

# کل پاکستان معلم تربیتی ورکشاپ 2026

## معمارانِ قوم کی آبیاری



کسی بھی تعلیمی نظام کی کامیابی کا انحصار اساتذہ کی بہترین تربیت پر ہوتا ہے۔ اسی ضرورت کے پیشِ نظر کراچی ہیڈ آفس میں 20 سے 23 اپریل تک چار روزہ "کل پاکستان معلم تربیتی ورکشاپ" کا شاندار انعقاد کیا گیا۔

عصرِ حاضر کے چیلنجز اور بدلتے ہوئے تعلیمی رجحانات کے پیشِ نظر اساتذہ کی مسلسل تربیت نہ صرف وقت کی ضرورت ہے بلکہ ایک ناگزیر فریضہ بھی ہے۔ اسی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹرسٹ کے شعبہ معلم تربیتی کورس کے زیرِ اہتمام کراچی مرکزی دفتر میں20 اپریل سے 23 اپریل تک 4 روزہ "کل پاکستان معلم تربیتی ورکشاپ 2026" کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے 35 منتخب ماسٹر ٹرینرز معلم تربیتی کورس اور مرکزی جائزہ کنندگان نے شرکت کی۔ اس علمی و تربیتی ورکشاپ کا بنیادی ہدف اساتذہ کی صلاحیتوں کو عصری اور تعلیمی تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنا تھا۔ ورکشاپ میں ملک کے مایہ ناز ماہرینِ تعلیم، مقتیانِ کرام نے مختلف سیشنز میں تربیت کے حقیقی مفہوم، مؤثر طریقہائے تدریس، کردار سازی، صلاحیتوں کے ارتقاء، تعلیمی نفسیات، مطالعتی کتب کی اہمیت اور تجوید کے ساتھ تدریس جیسے کلیدی موضوعات پر بصیرت افروز خطابات فرمائے۔



تجربہ کار اور معروف ماہرِ تعلیم، پرو چانسلر الغزالی یونیورسٹی جناب ڈاکٹر ذیشان احمد صاحب نے "موثر طریقہائے تدریس" پر مدبرانہ گفتگو کی۔ شرکاء کو مؤثر تدریس کے بنیادی اصول، سبق کو آسان اور قابلِ فہم بنانے اور طلبہ کو تعلیمی عمل میں دلچسپی کے ساتھ فعال طریقے سے شامل کرنے کے عملی طریقے سکھائے، ساتھ ہی معلمین کی تدریسی غلطیوں پر بھی اصلاح فرمائی۔ انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کو چاہیے کہ بچوں کا حوصلہ بڑھائیں اور ان کی ذہنی صلاحیت اور استعداد کے مطابق بات سمجھائیں۔



جناب سلمان آصف Founder ERDC، معروف ماہرِ تعلیم صدیقی صاحب نے "تربیت و با معنی زندگی" کے عنوان پر رہنمائی فرمائی ۔ انہوں نے تربیت کے مفہوم، اسلامی تعلیمات میں اس کے تصور اور معلم کے بطورِ مربی کردار پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ طلبہ کی شخصیت سازی میں تربیت کا کیا مقام ہے۔ دورانِ سیشن عملی مثالوں اور مکالمہ کے ذریعے شرکاء کو بات سمجھائی گئی۔ انہوں نے خصوصی طور پر رہنمائی کی کہ طلبہ کی تعلیم و تربیت کے لیے قلب سے ان کے لیے دعا بہت کارگر ثابت ہوتی ہے۔



محترم جناب چیئرمین و پروفیسر اسلامک سٹڈیز بہاولپور اسلامک یونیورسٹی، مولانا ڈاکٹر شفیق الرحمن صاحب جو نہ صرف بذاتِ خود تمام تربیتی سیشنز میں شریک رہے بلکہ شرکاء کے لیے "تربیتی کورس کی لازمی و مطالعتی کتب کی اہمیت" پر بھی خصوصی طور پر گفتگو کی ۔ آپ نے لازمی و مطالعتی کتب کی اہمیت، کردار، ان کے ذریعے طلبہ کی ذہنی نشوونما اور ان کتب کے مؤثر مطالعے کے طریقہ کار پر رہنمائی فرماتے ہوئے ان کے عملی اثرات سے بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔ڈاکٹر صاحب نے شرکاء کے لیے خصوصی طور پر ایکٹیویٹیز ترتیب دیں جس کے تحت 6 گروپس کی صورت میں شرکاء نے لازمی و مطالعاتی کتب کے مؤثر تدریسی طریقہ کار پر چارٹس تیار کیے۔ بعد ازاں گروپس کی کارکردگی کا جائزہ لے کر اول دوم سوم آنے والے گروپس کو خصوصی طور پر انعامات اور بقیہ گروپس کو اعزازی انعامات سے نوازا گیا۔ شرکاء کو ان ایکٹیویٹیز کے ذریعے بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کو ملا جس سے ان کی تدریسی صلاحیتوں میں گراں قدر اضافہ ہوا۔



معروف مذہبی سکالر، بانی و ڈائریکٹر العصر فاؤنڈیشن حضرت مفتی فضل سبحان صاحب نے "کردار سازی" کی اہمیت پر خصوصی توجہ دلائی ۔ مفتی صاحب نے اسلامی تعلیمات میں کردار کی اہمیت، معلم کے بطور رول ماڈل اثرات، تربیتی ماحول کی اہمیت اور طلبہ میں اخلاقی اقدار پیدا کرنے کی عملی حکمت عملیاں بیان کیں ۔



استاذ القراء حضرت مولانا قاری نذیر احمد مالکی صاحب نے "تجوید کی اہمیت و ضرورت اور تجوید کے ساتھ تدریس کے آسان طریقہ کار" پر روشنی ڈالی ۔ انہوں نے اپنے خطاب میں تلاوت میں تجوید کی اہمیت اور اسے سیکھنے میں پیش آنے والی مشکلات کے حل کے لیے آسان اور مؤثر تدریسی حکمت عملی بیان کی ۔



ایڈووکیٹ ہائی کورٹ جناب مفتی قمر الحسن صاحب نے "اخلاقیات اور تعلیمی نفسیات" کے موضوع پر طریقہائے تدریس کی عملی مثال دیتے ہوئے معلم کے لیے ضروری اخلاق و آداب، تعلیمی نفسیات کی بنیاد اور طلبہ کے مزاج و عمر کے تقاضوں کے مطابق ان کی رہنمائی پر زور دیا ۔



معروف عالمِ دین اور محقق مفتی عبد المتین صاحب نے "صلاحیتوں کے ارتقاء و منصوبہ سازی" پر شرکاء سے خطاب فرمایا۔ جس میں خود احتسابی، خود شناسی، اہداف کے تعین (Goal Setting) اور مسلسل سیکھنے کی عادت کو انہوں نے ایک کامیاب معلم کے لیے ناگزیر قرار دیا ۔



ماسٹر ٹرینر مولانا محمد اصغر خان صاحب اور معلم تربیتی کورس سے مولانا احسان اللہ کریم نے شرکاء کے لیے "قاعدہ بذریعہ بورڈ" کی تکنیکی و اصولی تدریس کے بنیادی اصول پر گفتگو کی ۔ بذریعہ بورڈ تدریس کی اہمیت اور بورڈ ٹیچنگ کی عملی مشق کی گئی ۔



محترم مفتی افنان صاحب نے "طہارت و نماز کے بنیادی مسائل و احکام اور ان کے طریقہ تدریس" پر سیر حاصل گفتگو کی ۔ آپ نے طہارت و نماز کی اہمیت، اس کے بنیادی ارکان و شرائط کی مؤثر اور آسان تدریسی حکمتِ عملی شرکاء کو سمجھائی ۔



شعبہ آن لائن جائزہ سے حافظ حیدر علی صاحب نے "آن لائن جائزہ" کے نظام سے متعلق آگاہی دی ۔ آن لائن جائزہ کے اہداف، نظم، مکتب میں بالمشافہ جائزہ و آن لائن جائزہ رپورٹس کے موازنہ، درپیش مسائل کے تعین اور ان کے تدارک پر گفتگو کی۔



مولانا فخر الدین صاحب نے ورکشاپ کے اختتام پر "رجسٹریشن،داخلہ فارم کی تکمیل اور امتحان کے طریقہ کار" پر بریفنگ دی۔

تمام مہمان مقررین کو ادارہ کی جانب سے اکرامیہ اور شیلڈز پیش کی گئیں۔ گروپ ایکٹیویٹیز میں اول دوم سوم آنے والے گروپس کو خصوصی طور پر انعامات اور بقیہ گروپس کو اعزازی انعامات سے بھی نوازا گیا۔ یوں 4 روزہ علمی و تربیتی ورکشاپ اختتام کو پہنچی۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اس ورکشاپ سے حاصل ہونے والا علم ہمارے تعلیمی نظام میں ایک مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، جس سے معلمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں نکھار اور معیارِ تعلیم میں مزید بہتری آئے گی۔ ان شاء اللہ۔



# ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے وفد کی آئی جی پنجاب سے ملاقات اور ڈسٹرکٹ جیل لاہور کا دورہ

6اپریل بروز پیر ٹرسٹ کے سہ رکنی وفد نے ایڈیشنل سیکریٹری ریجنل دفتر لاہور جناب راؤامان اللہ صاحب کی سربراہی میں دفتر آئی جی پنجاب جیل خانہ جات اور ڈسٹرکٹ جیل لاہور کا وزٹ کیا۔ وفد میں سینئر ممتحن جیل جناب قاری محمد طیب اور انچارج شعبہ جیل جناب سلیم احمد شامل تھے۔ جنہوں نے سپرنٹنڈنٹ جیل ظہیر ورک سے ملاقات کے بعد جیل کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا۔ اس دوران وفد نے بیرک نمبر 4 میں قیدیوں کی دینی تعلیم، ناظرہ قرآن پاک، ٹیوٹا (TEVTA) کلاسز، لائبریری اور پی سی او (PCO) کا دورہ بھی کیا۔ وفد نے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، اور قیدیوں کی فلاح کے حوالے سے جمعیت کی خدمات پر تفصیلی بریفنگ دی۔



# یوتھ جیل سکھر میں ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کی تعلیمی خدمات کا معائنہ

یوتھ جیل سکھر میں اسیر بچوں کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے قائم ٹرسٹ کے مکتب کا مورخہ 30 اپریل 2026ء بروز جمعرات آئی جی جیل خانہ جات سندھ جناب فدا حسین مستوئی صاحب نے خصوصی دورہ کیا۔ دورے کے دوران آئی جی صاحب نے مکتب میں جاری تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور ٹرسٹ کے معلم قاری نور محمد صاحب کی کلاس کا معائنہ کیا۔ انہوں نے زیر تعلیم اسیر بچوں سے دینی و تعلیمی نوعیت کے بنیادی سوالات بھی کیے، جن کے بچوں نے اطمینان بخش جوابات دیے۔ آئی جی جیل خانہ جات سندھ نے بچوں کی دلچسپی، نظم و ضبط اور تعلیمی پیش رفت کو سراہتے ہوئے ٹرسٹ کی کاوشوں کو قابل قدر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں میں اس نوعیت کی دینی، تعلیمی اور اصلاحی سرگرمیاں اسیران خصوصاً کم عمر بچوں کی شخصیت سازی اور مثبت تبدیلی کے لیے نہایت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے ٹرسٹ کے تعلیمی و تربیتی نظام پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی اسیران کی اصلاح، تربیت اور معاشرے میں مثبت واپسی کے لیے مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔

# • میٹنگ پنجاب پریژن فاؤنڈیشن •







پنجاب پریزن فاؤنڈیشن کا ایک اہم اجلاس ہوم سیکرٹری گورنمنٹ آف پنجاب کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں آئی جی جیل خانہ جات پنجاب، فاؤنڈیشن کے باقاعدہ رکن ادارے "ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن" کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) پروفیسر راؤ شوکت علی، منیجر نارتھ ریجن امان اللہ راؤ اور دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبہ بھر کی جیلوں میں قیدیوں کی فلاح و بہبود اور جیل عملے سے متعلق تفصیلی غور و خوض کے بعد حکومت کی جانب سے خصوصی فنڈز کی باضابطہ منظوری دی گئی، جس میں نئی تعمیر شدہ "سب جیل پنڈی" کے لیے ای-بائیک (E-Bike) سروس کے آغاز، سولر سسٹم کے ذریعے بلا تعطل بجلی کی فراہمی اور اسیران کے لواحقین کے لیے باقاعدہ انتظار گاہوں کے قیام شامل تھا۔ اس کے علاوہ پنجاب بھر کی تمام جیلوں کے لیے اسیران کو گدوں (Mattress) کی فراہمی، جیل ملازمین کے بچوں کے لیے تعلیمی اسکالرشپس کا اجراء اور یوٹیلٹی اسٹور کی طرز پر جیلوں میں خصوصی "ویلفیئر اسٹورز" قائم کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔ اس موقع پر آئی جی جیل خانہ جات پنجاب نے ہوم سیکرٹری کو جمعیت تعلیم القرآن کی جانب سے جیلوں میں قیدیوں کو دی جانے والی دینی تعلیم، اخلاقی تربیت اور دیگر فلاحی و رفاہی خدمات سے متعلق بریفنگ دی، جس پر شرکائے اجلاس نے ادارے کے کردار کو بے حد سراہا۔

## سندھ کی جیلوں کے قرآنی مکاتب میں سالانہ امتحانات

## آئی جی پریزنز سے حوصلہ افزاء ملاقات

ٹرسٹ کے ناظم تعلیم اور انچارج شعبہ جیل پر مشتمل دو رکنی وفد نے آئی جی جیل خانہ جات کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں جناب عاقب نواز اور اے ڈی جناب بلاول سے امتحانات کے انعقاد کے لیے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس ملاقات میں دو اہم امور زیر بحث آئے، جن میں سالانہ امتحانات 2026ء کے شیڈول و متعلقہ لیٹر کا فالو اپ اور سانگھڑ جیل میں مستعفی ہونے والے معلم کی جگہ نئے متبادل معلم کا تقرر شامل تھا۔ دونوں افسران نے ان معاملات پر بھرپور توجہ دی اور مثبت رہنمائی فراہم کی۔ اس ملاقات کا کلیدی مقصد سندھ کی جیلوں میں امتحانی معاملات کو بروقت آگے بڑھانا اور آئی جی آفس سمیت دیگر متعلقہ افسران کے ساتھ عملی ہم آہنگی کو مزید مستحکم کرنا تھا، جس میں واضح اور مثبت پیش رفت ہو گی۔ ملاقات کے اختتام پر تحائف بھی پیش کیے گئے۔





0311-11-33-JTQ (587) | info@jtq.edu.pk | JTQTrustOfficial | jtqtrustofficial | www.jtq.edu.pk



# معلم تربیتی کورس MTC

بفضلِ خداوندی ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام ملک بھر میں قاعدہ ناظرہ بذریعہ بورڈ پڑھانے اور ابتدائی دینی تعلیم و تربیت کے لیے معلم تربیتی کورس کا اہتمام کیا جاتا ہے تاکہ تربیت یافتہ اساتذہ تیار ہو سکیں جو نہ صرف ٹرسٹ کے مکاتب کی ضرورت پوری کریں بلکہ دیگر مدارس اور اسکولوں کے لیے بھی دستیاب ہوں۔ اس سلسلے میں ٹرسٹ کی مختلف شاخوں میں معلم تربیتی کورس کا اہتمام کیا گیا ہے۔ خواہشمند شرکاء دلچسپی سے شریک ہیں اور مزید کورسز کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ مطلوبہ داخلے مکمل ہوتے ہی آغاز کر دیا جائے گا، ان شاءاللہ۔

---



# بچوں کی ہمہ جہت تربیت کے لیے E-Tarbiyah اور Curiosity سمر کیمپ کا کامیاب انعقاد



29 جون سے 23 جولائی 2026 کے دوران بچوں کی اوورآل گرومنگ، اخلاقی تربیت اور کری ایٹو صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اسپیشل سمر کیمپس کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ ان کیمپس کا بنیادی مقصد گرمیوں کی چھٹیوں میں بچوں کے تجسس اور صلاحیتوں کو مثبت سمت دینا، ان میں اچھے اخلاق و شکر گزاری کی عادت ڈالنا اور اللہ کی پہچان کروانا تھا۔

اس پروگرام کے تحت منعقد کیے جانے والے "E-Tarbiyah سمر کیمپ" میں 4 ٹیچرز کی نگرانی میں 24 بچوں نے حصہ لیا۔ اس کیمپ میں قرآن و سنت کی تعلیمات، مسنون دعاؤں، انبیاء کے واقعات اور پرسنل گرومنگ کے ساتھ ساتھ آرٹس اینڈ کرافٹس، DIY سرگرمیوں اور نیچر واک کے ذریعے بچوں کی کردار سازی پر خاص توجہ دی گئی، تاکہ وہ آگے چل کر معاشرے کے ایک اچھے اور کارآمد شہری بن سکیں۔

دوسری جانب، "Curiosity سمر کیمپ (فزیکل)" 13 مختلف لوکیشنز پر منعقد کیا گیا، جس میں 55 ٹیچرز نے 629 بچوں کی ذہنی، اخلاقی، جذباتی اور پریکٹیکل گروتھ کے لیے رہنمائی کی۔ اس کیمپ میں اسٹوری سیشن، نیچر ایکسپلوریشن، کوکنگ کلاسز، آرٹس اینڈ کرافٹس اور پرابلم سالونگ سے متعلق پریکٹیکل گیمز شامل کیے گئے تاکہ بچوں میں مشاہدے کی عادت اور Critical Thinking بیدار ہو سکے۔ ان کیمپس نے بچوں میں سیکھنے کا شوق، خود اعتمادی اور مثبت سوچ پیدا کرنے میں زبردست کردار ادا کیا، جسے والدین اور تمام شرکاء نے بے حد سراہا۔

تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور اسے سکھائے۔ (الحدیث)

قرآنِ کریم کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے آپ کا تعاون ناگزیر ہے۔
آپ کے عطیات اس مشن کو مزید مستحکم بنا سکتے ہیں۔



## Online Bank Details

Title of A/C: Trust Jamiat Talim Ul Quran

Join whatsapp

Donate Now

| Bank | Atiya | Zakat / Sadqa |
|---|---|---|
| **Meezan Bank Ltd** | **0114-0100-208053** | **0114-0100-208054** |
| **Faysal Bank Ltd** | **3137-387000003242** | **3137-387000003241** |

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن اندرون عالمگیر مسجد ، عالمگیر روڈ ، بہادرآباد ، کراچی

0311-11-33-JTQ (587) info@jtq.edu.pk JTQTrustOfficial jtqtrustofficial www.jtq.edu.pk